کتاب نما

ادارہ

قرآنیات پر نئی کتابیں :

منہاج القرآن، تالیف: ڈاکٹر برہان احمد فاروقی، ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲۔ کلب روڈ، لاہور، سنہ اشاعت ۱۹۸۸ء (بار دوم)، صفحات ۲۸۸، قیمت: ۶۰ روپئے

قرآن مجید انسانیت کو جس جاہلیت سے نکالنے کے لیے نازل ہوا تھا دورِ جدید کی جاہلیت اس سے بھی آگے جا چکی ہے۔ چنانچہ یہ ذمہ داری امت مسلمہ پر عاید ہوتی ہے کہ وہ اس چیلنج کے مقابلہ کے لیے کمربستہ ہو جائے اور اس صورت حال کی اصلاح کے لیے بھی قرآن ہی سے رہنمائی طلب کرے۔ یہ ذمہ داری اسی صورت میں بخوبی ادا ہو سکتی ہے جب مطالعہ قرآن کے لیے مناسب منہاج کو اختیار کیا جائے۔ منہاج مسائل کے حل کرنے کے طریقے کو کہتے ہیں۔ منہاج کے دو جز ہوتے ہیں۔ ایک بنیادی اصول اور دوسرا اس اصول کی روشنی میں مسئلہ کو حل کرنے کا عمل۔ ان دونوں اعتبارات سے قرآنی منہاج کو فکر و فلسفہ کے ان تمام منہاجات سے متمیز کر کے سمجھنا ضروری ہے جن کے نتیجہ میں بہت سی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ کتاب اسی منہاج کی توضیح اور تشریح ہے۔

مندرجہ ذیل عناوین سے کتاب کی نوعیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ہماری زندگی میں قرآنی ہدایت کی احتیاج، تصور کائنات، زاویۂ نگاہ یا موقف، انفرادی زندگی کے نصب العین کا لائحہ عمل، حیات اجتماعی کا نصب العین، اجتماعی نصب العین کا لائحہ عمل، بین الاقوامی نصب العین، بین الاقوامی نصب العین کا لائحہ عمل، معیار، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت نمونہ کمال، قرآنی دعوت، قرآن تاریخ ہے۔

قرآن اور مسلمانوں کے زندہ مسائل، تالیف برہان احمد فاروقی، ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲۔ کلب روڈ، لاہور، سنہ اشاعت ۱۹۸۹ء، صفحات: ۳۲۸، ۱۵۰ روپئے